**Shabbir / Farooqui**

**01-09-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی آج کرغزستان کی راجدھانی Bishkek میں شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی سربراہ کانفرنس سے خطاب کریں گے۔

2- موجودہ مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران ملک کی GDP کی شرح ترقی سات اعشاریہ آٹھ فیصد رہی جبکہ ریزرو بینک نے اِس کے سات فیصد رہنے کا اندازہ لگایا تھا۔ امریکہ نے بھارت کو ایک ولولہ انگیز، مضبوط اور مستحکم معیشت والا ملک قرار دیا ہے۔

3- بھارت نے دریائے سندھ سے متعلق آبی معاہدے کے بارے میں ثالثی سے متعلق عدالت کے فیصلے کو مسترد کردیا ہے۔

4- نیپال میں امدادی کارکنوں نے پن بجلی پروجیکٹوں پر کام کرنے والے کارکنوں کو تلاش کرنے کیلئے پہاڑی حصے پر دھماکہ کیا۔

5- اور Lionel Messi نے بین الاقوامی فٹبال سے اپنے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا ہے۔ اِس طرح ارجنٹینا کی قومی ٹیم کے ساتھ 21 سال سے جاری سفر بھی ختم ہوگیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM SCO Meet

وزیراعظم نریندر مودی آج کرغزستان کی راجدھانی Bishkek میں شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی 26ویں سربراہ کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ SCO کی اِس سربراہ کانفرنس کا مرکزی موضوع ہے: ''پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے ایک ساتھ۔''

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Vikalp Shukla

اپنے دورے کے پہلے دن کل وزیراعظم نریندر مودی نے ثقافتی پروگراموں میں شرکت کی، مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا اور دیگر عالمی رہنماؤں کے ہمراہ چھٹے ورلڈ Nomad گیمز کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔

جناب مودی نے کل روس کے صدر ولادیمیر پوتن کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کی۔ جناب پوتن کے ساتھ بات چیت میں، جناب مودی نے مسلسل جنگ کے بجائے، جنگ ختم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے عالمی تنازعات کے سفارتی حل کی حمایت کی۔

Byte: PM On Ukrain

بات چیت کے دوران بھارت اور روس کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور دفاع سمیت دو طرفہ تعاون کے اہم امور پر توجہ مرکوز کی گئی۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ یہ اطمینان کی بات ہے کہ بھارت اور روس کے درمیان تعاون مسلسل نئی بلندیوں تک پہنچا ہے۔

Byte: PM On National Interest

وزیراعظم مودی نے ایران، جمہوریہ کرغز اور آرمینیا کے رہنماؤں کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں بھی کیں۔

بشکیک سے وِکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

News Bishkek

وزیراعظم نریندر مودی نے کرغزستان کے اپنے دو روزہ دورے کے پہلے دن، کل روس، ایران، جمہوریہ کرغز اور آرمینیا کے رہنماؤں کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں کیں۔ اِن میٹنگوں میں دو طرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے اُمور کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے کل شام بشکیک میں دیگر SCO رُکن ممالک کے رہنماؤں کے ساتھ چھٹے ورلڈ Nomad گیمز کی باضابطہ افتتاحی تقریب میں بھی شرکت کی۔×

India GDP

موجودہ مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران بھارت کی حقیقی GDP کی شرح ترقی سات اعشاریہ آٹھ فیصد رہی جبکہ سابقہ سال کی اسی مدت میں یہ چھ اعشاریہ نو فیصد تھی۔

اعداد و شمار اور پروگراموں پر عملدرآمد سے متعلق وزارت نے موجودہ مالی سال کی اپریل سے لے کر جون تک کی پہلی سہ ماہی کیلئے GDP کے تخمینے جاری کیے ہیں۔ اُس نے کہا ہے کہ عالمی اتار چڑھاؤ کے باوجود بھارتی معیشت میں ترقی کی رفتار برقرار رہی ہے۔

وزارت کے سکریٹری ڈاکٹر سوربھ گرگ نے کہا کہ سبھی شعبوں میں شرح ترقی بہت مثبت رہی جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جغرافیائی اور سیاسی حالات کے باوجود سرکار کے اقدامات کا اثر ہو رہا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت کی GDP کی شرح ترقی سات اعشاریہ آٹھ فیصد رہنے کو ایک بڑا کارنامہ قرار دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ اِس کامیابی سے تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، سپلائی نظام میں رکاوٹوں اور عالمی غیر یقینی کے حالات کے باوجود ملک کے عوام کی اجتماعی قوت اور اُن کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ اِدھر وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ معیشت کی اِس شاندار کارکردگی کا سہرا ملک کے عوام اور اُن کی محنت کو جاتا ہے۔x

US Indian Economy

سرکاری اعداد و شمار میں بھارت کی GDP کی شرح ترقی سات اعشاریہ آٹھ فیصد رہنے کے انکشاف کے بعد امریکہ نے بھارت کو ایک ولولہ انگیز، مضبوط اور مستحکم معیشت والا ملک قرار دیا ہے۔ ایک خبر رساں ایجنسی کے ساتھ انٹرویو میں وہائٹ ہاؤس کے سینئر ڈپٹی پریس سکریٹری Kush Desai نے کہا کہ شرح ترقی کے اعداد و شمار سے ٹرمپ انتظامیہ کے اِس نقطۂ نظر کی تصدیق ہوتی ہے کہ بھارت تیزی کے ساتھ ترقی کرنے والی اقتصادی قوت ہے۔
انھوں نے کہا کہ بھارت کی وسیع اور وسعت حاصل کرنے والی معیشت سے امریکی کمپنیوں اور سرمایہ کاروں کیلئے بڑے مواقع سامنے آ رہے ہیں۔ امریکی انتظامیہ بھی بھارت میں امریکی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنے اور امریکہ میں اور زیادہ بھارتی سرمایہ کاری کی خواہشمند ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

India Indus Waters Treaty

بھارت نے عالمی بینک کی جانب سے دریائے سندھ سے متعلق آبی معاہدے کے بارے میں ثالثی عدالت کے فیصلے کو سختی کے ساتھ مسترد کردیا ہے۔ بھارت نے مذکورہ ٹرائبونل کی اتھارٹی کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اُس کے فیصلے قانونی اعتبار سے قابل قبول نہیں ہیں۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ بھارت نے کبھی بھی ثالثی سے متعلق اِس پینل کو تسلیم نہیں کیا اور نہ ہی اِس کی کارروائی میں حصہ لیا اور وہ اِس کے فیصلوں کا پابند نہیں ہے۔ بھارت نے یہ بات دوہرائی ہے کہ دریائے سندھ سے متعلق آبی معاہدہ اب بھی معطل ہے۔
یہ بیان ہیگ میں ثالثی سے متعلق عدالت کے اِس فیصلے کے بعد سامنے آیا ہے کہ مذکورہ معاہدے کو موقوف رکھنے کی بھارت کی وجوہات کے حوالے سے اِسے معطل رکھنے یا ختم کرنے کو صحیح نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ مذکورہ پینل نے بھارت سے کہا تھا کہ وہ 1960 کے پانی میں حصے داری کے سمجھوتے کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کرتا رہے۔

بھارت نے البتہ یہ دلیل پیش کرتے ہوئے فیصلے کو خارج کردیا کہ مذکورہ پینل ہی معاہدے کی شرائط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے قائم کیا گیا تھا۔

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ معاہدے کے تعلق سے بھارت کے آزادانہ فیصلوں یا بنیادی ڈھانچے کے اُس کے پروجیکٹوں کے تعلق سے پینل کا کوئی دائرۂ اختیار نہیں ہے۔

بھارت نے پچھلے سال اپریل میں پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کے بعد دریائے سندھ سے متعلق آبی معاہدے کو معطل کردیا تھا۔ بھارت نے قومی سلامتی کو لاحق تشویش اور سرحد پار سے دہشت گردی جاری رہنے کا حوالہ دیا تھا۔

بھارت کا کہنا ہے کہ مذکورہ معاہدے کے بارے میں اُس کا فیصلہ اپنا معاملہ ہے اور ثالثی سے متعلق پینل کے بیانات یا فیصلوں سے پانی اور بنیادی ڈھانچے سے پروجیکٹوں سے متعلق اُس کے اقدامات پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔x

Nepal Rescue Operation

نیپال میں بچاؤ ٹیمیں اُن 600 سے زیادہ کارکنوں تک پہنچنے کیلئے بھرپور کوشش کر رہی ہیں، جن کے بارے میں یہ خیال ہے کہ وہ Trishuli-3A پن بجلی پروجیکٹ کے مقام پر مٹی اور گاد سے بھری ہوئی ٹنل میں پھنسے ہوئے ہیں۔ بچاؤ ٹیموں کے اہلکار ٹنل کا راستہ صاف کرنے کے لئے دھماکہ خیز مادوں، بھاری مشینری اور Air Pumps کا استعمال کر رہے ہیں، تاکہ زندہ بچ جانے والے کارکنوں کو تلاش کیا جا سکے۔

نیپال میں اچانک تباہ کُن سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد 939 تک پہنچ گئی ہے جبکہ تین ہزار 925 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ اِن میں 592 غیر ملکی شہری بھی شامل ہیں۔ پن بجلی پروجیکٹوں کے مقام سے اب تک 279 افراد کو بچایا گیا ہے، جبکہ ملک کے مختلف علاقوں سے مجموعی طور پر گیارہ ہزار سے زیادہ لوگوں کو بچاکر باہر لایا گیا ہے۔

بچاؤ کارروائی میں بھارت، جنوبی کوریا اور آسٹریلیا کے ماہرین کے ساتھ ساتھ نیپال اور چین کی فوجی ٹیمیں معاونت کر رہی ہیں۔

بھارت نے بچاؤ کارروائی اور متاثرہ لوگوں کی شناخت میں مدد کی خاطر خصوصی ٹیمیں وہاں بھیجی ہیں۔

بھارت کی 19 ارکان پر مشتمل ایک فارنسِک ٹیم نے وہاں برآمد کی گئی لاشوں کی شناخت کی خاطر DNA جانچ میں مدد کرتے ہوئے کاٹھمنڈو میں اپنا کام شروع کردیا ہے۔

اُدھر پن بجلی پروجیکٹوں کے مقامات پر بھی ایک بھارتی بچاؤ ٹیم کام کر رہی ہے۔ یہ ماہرین 933 کارکنوں اور ملازمین کا پتہ لگانے کیلئے نیپال کے حکام کی مدد کر رہے ہیں، جو 26 اگست سے لاپتہ ہیں۔ ایسا خیال ہے کہ اِن میں سے کئی کارکن ٹنلس کے اندر پھنسے ہوئے ہیں۔x

Bihar Flood

نیپال میں سیلاب آنے اور بہار میں دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافے کے تناظر میں مویشی پروری اور ماہی پروری سے متعلق وسائل کے محکمے نے لوگوں کو یہ صلاح دی ہے کہ وہ اُن مچھلیوں کو کھانے میں استعمال نہ کریں جنھیں سیلاب کے پانی سے پکڑا گیا ہے۔

محکمے کے مطابق سیلاب کے دوران مچھلیاں گندے پانی، مردہ مویشیوں اور دیگر ناقص مادوں کے رابطے میں آ سکتی ہیں اس لیے بیکٹیریا، وائرس اور بیماری پھیلانے والے دیگر جراثیم کی وجہ سے اِن کے خراب ہونے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔x

Odisha Rain

مغربی بنگال میں گنگا کی ترائی والے علاقے اور اِس سے متصل شمالی ساحلی اوڈیشہ میں ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے کے زیرِ اثر اوڈیشہ میں پھر سے شدید سے لے کر بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

موسمیات محکمے نے سندر گڑھ اور Keonjhar ضلعے کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے، جبکہ چھ ضلعوں کیلئے اورینج وارننگ جاری کی گئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Prakash Dash

اوڈیشہ میں پھر سے بارش کا زور بڑھ گیا ہے۔ موسمیات محکمے نے Jharsuguda، بارگڑھ، سمبل پور، دیوگڑھ، Angul اور میوربھنج ضلعوں میں اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے، جبکہ 12 ضلعوں میں یلو الرٹ کا اعلان کیا گیا ہے۔ جولائی کے مہینے میں اوڈیشہ میں 91 فیصد زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی۔ اِدھر جون سے لے کر 26 اگست تک ریاست میں ایک ہزار 104 ملی میٹر بارش ہوئی، جو کہ نارمل سے 31 فیصد زیادہ ہے۔

موسمیات محکمے کے مطابق ریاست میں کل کے بعد بارش کا زور کم ہونے کا امکان ہے۔ البتہ کہیں کہیں بارش کا سلسلہ جاری رہ سکتا ہے۔

بھوبنیشور سے Prakash Dash کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..........

IMD

بھارتی موسمیات محکمے نے آج چھتیس گڑھ میں بہت شدید بارش سے لے کر انتہائی شدید بارش کے امکان کے مدِّنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

ہماچل پردیش، بہار، مشرقی مدھیہ پردیش، اترپردیش، جھارکھنڈ، اوڈیشہ، اتراکھنڈ اور شمال مشرقی بھارت کے بعض حصوں میں بھی تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔

موسمیات محکمے کے مطابق قومی راجدھانی دلی میں آج دوپہر کو گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش ہوسکتی ہے۔x

Belgium PM Visit

بیلجیم کے وزیراعظم Bart De Wever کل سے بھارت کا تین دن کا دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران وہ دو طرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے وسیع تر علاقائی اور عالمی اُمور پر بات چیت کی خاطر وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ دوطرفہ تبادلۂ خیال کریں گے۔ وزیراعظم De Wever بھارت-یوروپی یونین آزادانہ تجارتی معاہدے FTA کے تناظر میں ایک بزنس ایونٹ کے موقع پر کلیدی خطاب بھی کریں گے۔ بیلجیم کے وزیراعظم، ممبئی بھی جائیں گے، جہاں وہ ہیرے، بندرگاہوں اور لاجسٹکس سمیت مختلف شعبوں کے شراکت داروں سے بات چیت کریں گے۔x

Messi Retirement

Lionel Messi نے بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے۔ اس طرح اُن کا ارجنٹینا کے کھلاڑی کے طور پر 20 سال کا کریئر کا اختتام ہوگیا ہے، جس میں ورلڈ کپ کی فتح، دو Copa America خطاب اور اپنے ملک کیلئے 207 میچ کھیلنے کا ریکارڈ شامل ہے۔

میسی نے کہا کہ یہ فیصلہ اسپین کے خلاف ورلڈ کپ فائنل میں شکست کے بعد سے اُن کے ذہن میں تھا اور پھر اُن کے والد کے انتقال نے انہیں مزید قائل کیا کہ اب انہیں کھیل سے علیحدہ ہوجانا چاہئے۔39 سالہ میسی نے اپنے آفیشل انسٹاگرام اکاؤنٹ پر پوسٹ میں اس فیصلے کا اعلان کیا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ -شگفتہ یاسمین

راجدھانی دلّی سے شائع ہوئے اہم اردو اخبارات نے کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہ اجلاس کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی کی مختلف عالمی لیڈروں سے ملاقات کو اہم خبر کے طور پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے: کرغزستان میں وزیراعظم نریندر مودی کی ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات! دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔

روزنامہ پرتاپ کی شہ سرخی ہے کہ بھارت، یوکرین معاملے میں تمام پُرامن کوششوں کا حامی۔ وزیراعظم اور روسی صدر کی دفاعی تعاون، توانائی کی فراہمی اور تجارتی تعلقات پر بات چیت۔ روزنامہ پرتاپ نے صدر جمہوریہ کے اس بیان کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ فیشن ٹیکنالوجی کے پیشہ ور ایسے پروڈکٹس تیار کریں، جن میں بھارت کی مہک بھی ہو۔

- دفاعی سیکٹر کے اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیں گے- راجناتھ سنگھ۔
- بھارت اور جرمنی ماحولیاتی شعبے میں بڑھائیں گے تعاون۔ روزنامہ پرتاپ کے صفحہ اول کی دیگر اہم خبریں ہیں۔

کچھ بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ نیپال میں تعلیمی اداروں کے 200 سے زائد طلباء لاپتہ، ہلاکتوں کی تعداد 900 سے متجاوز۔

☆ امریکہ اور ایران کے درمیان ایک دوسرے کی تنصیبات پر پھر حملے۔

☆ نائیجیر میں تختہ الٹنے کی کوشش ناکام، درجنوں باغی فوجی مارے گئے۔

☆ ارجنٹینا کے معروف فٹبالر لیونل میسی کا بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان۔×

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- وزیراعظم نریندر مودی آج کرغزستان کی راجدھانی Bishkek میں شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی سربراہ کانفرنس سے خطاب کریں گے۔

2- موجودہ مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران ملک کی GDP کی شرح ترقی سات اعشاریہ آٹھ فیصد رہی جبکہ ریزرو بینک نے اِس کے سات فیصد رہنے کا اندازہ لگایا تھا۔ امریکہ نے بھارت کو ایک ولولہ انگیز، مضبوط اور مستحکم معیشت والا ملک قرار دیا ہے۔

3- بھارت نے دریائے سندھ سے متعلق آبی معاہدے کے بارے میں ثالثی سے متعلق عدالت کے فیصلے کو مسترد کردیا ہے۔

4- نیپال میں امدادی کارکنوں نے پن بجلی پروجیکٹوں پر کام کرنے والے کارکنوں کو تلاش کرنے کیلئے پہاڑی حصے پر دھماکہ کیا۔

5- اور Lionel Messi نے بین الاقوامی فٹبال سے اپنے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا ہے۔ اِس طرح ارجنٹینا کی قومی ٹیم کے ساتھ 21 سال سے جاری سفر بھی ختم ہوگیا ہے۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

-----------------------------------------